۹

# دریا کنارے چاندنی

اختر شیرانی

**پہلی بات :** سؤرج کی روشنی سے جو اُجالا پھیلتا ہے، اسے دھوپ کہتے ہیں۔ دھوپ میں آس پاس کے سارے منظر چمک اُٹھتے ہیں۔ اسی طرح رات کے اندھیرے میں چاند کی روشنی سے جو ٹھنڈا اُجالا پھیلتا ہے، اسے چاندنی کہا جاتا ہے۔ چاندنی میں بھی ہر منظر بڑا خوب صورت دِکھائی دیتا ہے۔

کیا چھا رہی ہے چاندنی     اِٹھلا رہی ہے چاندنی
دریا کی اِک اِک لہر کو     نہلا رہی ہے چاندنی
لہرا رہی ہے چاندنی !

دریا کنارے دیکھنا     پانی میں تارے دیکھنا
تاروں کو دامن میں لیے     کیا کیا نظارے دیکھنا
دِکھلا رہی ہے چاندنی !

اے لو ، وہ بدلی آ گئی     اور چاندنی پر چھا گئی
باہر نکلنے کے لیے     پھر آئی پھر کترا گئی
گھبرا رہی ہے چاندنی !

**خلاصۂ کلام :** رات کے وقت چاندنی ہر طرف پھیلی ہوتی ہے۔ بہتے ہوئے دریا کی ہر لہر چاندنی میں چمک رہی ہے۔ پانی میں تاروں کا عکس لہرا رہا ہے۔ پھر بادل چھا جاتے ہیں تو چاندنی غائب ہوجاتی ہے۔

## معانی و اشارات

اِٹھلانا – اِترانا swagger
دامن – دریا کی سطح bed of a river
نظارہ – منظر scene

بدلی – بادل cloud
کترانا – بچنا to avoid

# مشق

### * ایک جملے میں جواب لکھیے :

ا۔ چاندنی کس کو نہلا رہی ہے؟
۲۔ دریا کے دامن میں کیا ہے؟
۳۔ کس کے آنے سے چاندنی غائب ہوگئی؟

## تلاش و جستجو

### * ان لفظوں کو پڑھیے :

پیارے ، کھارے ، چارے۔
نظم سے ایسے ہی دوسرے الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔

## درجہ بندی

### * نیچے دی ہوئی بے ترتیب سطروں کو نظم کی ترتیب کے مطابق اپنی بیاض میں لکھیے۔

ا۔ پھر آئی پھر کترا گئی
۲۔ دریا کی اِک اِک لہر کو
۳۔ اور چاندنی پر چھا گئی
۴۔ پانی میں تارے دیکھنا

## سیر بین

اپنے علاقے کی ندی / دریا / سمندر کے کنارے پر جا کر وہاں کے منظر کا مشاہدہ کیجیے۔

## لفظی معمّہ

ذیل میں اسکول سے متعلق چند انگریزی الفاظ دیے ہوئے ہیں۔ان الفاظ کے لیے اُردو میں جو الفاظ استعمال ہوتے ہیں انھیں اشارے کے مطابق مختلف خانوں میں ترتیب وار لکھیے۔

**دائیں سے بائیں**

1. School-bag
4. Noise
6. Laboratory
9. Chalk
10. Ground
11. Table
12. Book

**اوپر سے نیچے**

1. Notebook
2. Blackboard
3. Library
4. Student
5. Chair
7. Teacher
8. Peon
9. Player

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 4 | | 3 | | | 2 | | 1 |
| | | | | | 5 | | | | |
| | 7 | | | | | | 6 | | |
| | | | | | | | | 8 | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | 9 |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | 10 | | | | |
| | | | 12 | | | | 11 | | |